© rasailojaraid.com



# مطبوعات

## اسلامی لٹریچر کے فارسی تراجم

مولانا خلیل حامدی کے زیر اہتمام "دار العروبہ" سے الامام سید مودودیؒ کی چند چھوٹی کتابوں کے تراجم حال ہی میں شائع ہوئے ہیں۔ یہ ہیں:- ۱۔ مبادی اسلام (رسالۂ دینیات) ۲۔ اسلام و ناسیونالیزم (مسئلہ قومیت) ۳۔ روشِ زندگی در اسلام (اسلامی نظامِ حیات) ۴۔ تئوریٔ اخلاقی اسلام (اسلام کا اخلاقی نظام)۔ ان کے ساتھ سید قطب شہید کی کتب کے تراجم یہ ہیں:- ۱۔ اسلام راہِ فطرت بشر (دین حق) ۲۔ رہنمائی درخشانِ اسلام (عالمِ اسلام کی تعمیر میں مسلم طلبہ کا حصہ)۔ ان میں سے بعض کے تراجم چند سال بیشتر بھی ہوئے تھے، مگر نئے تراجم میں بہتر زبان اختیار کی گئی ہے۔

مولانا مودودی مغفور کی کتابوں کے جو فارسی تراجم عربی تراجم سے کیے گئے تھے، اب از سرِ نو اردو متن کو سامنے رکھ کر اُن کو اصلاح و ترمیم کے ساتھ پیش کیا گیا ہے۔

ترجمہ کرنے والے جناب کلیم اللہ متین اور عبید اللہ اسد ہیں۔ یہ چھ کتب سفید کاغذ پر ٹائپ میں چھپی ہیں اور بہت ہی رنگین ٹائٹلوں کے ساتھ پیش کی گئی ہیں۔ بعض صورتوں میں تو ڈیزائنوں کا انداز بچوں کے مزاج سے ہم آہنگ ہے۔

اس وقت بڑی ضرورت محسوس ہوتی ہے کہ اس لٹریچر کو افغانستانی مہاجرین میں پھیلایا جائے اور ہو سکے تو اندرونِ افغانستان مجاہدین اور عام آبادی تک بھی پہنچایا جائے۔ جب تک نقطہ نظر کی ہم آہنگی اور فکری استحکام پیدا نہ ہو، اندیشہ ہوتا ہے کہ بڑے بڑے انقلاب اپنے مقاصد حاصل نہیں کر پاتے۔

میری رائے تو یہ بھی ہے کہ اس لٹریچر کو، جہاں تک ممکن ہو، ایران میں بھی خواص و عوام تک پہنچایا جائے، تاکہ کمیونسٹ تحریک کا زور بھی ٹوٹے اور حکمرانوں اور جمہور کو بھی اتنا شعور آ سکے کہ

© rasailojaraid.com